PRESS RELEASE

# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

مورخہ: 1 جولائی 2025

آج مورخہ یکم جولائی 2025 کو الیکشن کمیشن سیکریٹریٹ اسلام آباد میں منعقد ایک تقریب میں، الیکشن کمیشن آف پاکستان اور فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی (ایف جے ڈبلیو یو) کے درمیان مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کئے گئے۔ MOU پر سیکریٹری الیکشن کمیشن، جناب عمر حمید خان اور فاطمہ جناح یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر بشری مرزا نے دستخط کئے۔ تقریب میں چیف الیکشن کمشنر اور ممبران الیکشن کمیشن بھی موجود تھے۔ اس شراکت داری کا مقصد شہری شعور کو فروغ دینا، شمولیاتی انتخابی عمل کی حوصلہ افزائی کرنا ہے، جس کے لیے تعلیم، آگاہی اور تحقیق کے مختلف اقدامات لیے جائیں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف الیکشن کمشنر، جناب سکندر سلطان راجہ نے کہا کہ یہ مفاہمتی یادداشت ایک اسٹریٹجک اتحاد کی نمائندگی کرتی ہے جو سِوک ایجوکیشن پر مرکوز ہے۔ انہوں ے فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی کے اہم کردار کو اجاگر کیا، جو ایک قومی ادارہ ہے اور خواتین سٹوڈنٹس کی تربیت اور نوجوانوں میں ووٹرز کی آگاہی کے فروغ میں مصروف عمل ہے۔ سیکریٹری الیکشن کمیشن نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کمیشن، فاطمہ جناح یونیورسٹی کے ساتھ مل کر متعدد اقدامات اٹھائے گا جن میں ووٹر ایجوکیشن کے بارے میں آگاہی موک ووٹنگ (Mock Voting) اور کیمپس اور کمیونٹیز میں ووٹرز کی آگاہی کے اقدامات شامل ہیں۔ مزید برآں، دونوں ادارے نوجوانوں کے ووٹنگ، خواتین کی انتخابی شمولیت اور انتخابی اصلاحات پر مشترکہ تحقیق بھی کریں گے۔ ایک نیٹ ورک آف اسٹوڈنٹ ایمبیسیڈرز کو بھی تربیت دی جائے گی، جو عوامی سطح پر ووٹر آگاہی کی سرگرمیوں کی قیادت کریں گے۔ فاطمہ جناح یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر بشری مرزا نے اس اقدام کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ یہ مفاہمتی یادداشت ایک مشترکہ عزم کی عکاسی کرتی ہے جو ذمہ دار شہریوں کی تیاری اور نوجوان خواتین کو انتخابی عمل میں بامعنی شراکت داری کے لیے بااختیار بنانے کے لیے ہے۔ انہوں نے اس بات کا یقین ظاہر کیا کہ اس شراکت داری کے ذریعے دیرپا اثرات مرتب ہوں گے۔ یہ شراکت داری الیکشن کمیشن کے وسیع تر اقدامات کو اجاگر کرتی ہے، جن کا مقصد انتخابی خواندگی کو فروغ دینا اور تعلیمی اداروں کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے شمولیاتی انتخابی عمل کو مستحکم کرنا ہے۔

ترجمان الیکشن کمیشن

*Office Telephone:* (+92)(51) (9205611)
*Fax:* (+92)(51) (9205300)
*Address:*
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

*Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections*

MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING